# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,  E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیرخزانہ پنجاب سردار اویس احمد خان لغاری نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیراہتمام زرعی برآمدات میں اضافہ کیلئے منعقدہ دوروزہ پاکستان ایگری ایکسپو 2022 کا افتتاح کر دیا۔**

**سیکرٹری زراعت پنجاب کیپٹن (ر) اسداللہ خان سمیت دیگر اعلیٰ افسران کی خصوصی شرکت**

**12 مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے 70 غیر ملکی وفود اور 2 ہزار سے زائد ترقی پسند کاشتکاروں کی نمائش میں شرکت**

**پاکستان ایگری ایکسپو 2022 زرعی برآمدات میں اضافہ کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی:وزیرخزانہ پنجاب سردار اویس احمد خان لغاری**

**لاہور 18 جون 2022: (      )** پاکستان ایگری ایکسپو 2022 زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی۔موجودہ حکومت زرعی شعبہ کو عالمی سطح پر مارکیٹ ڈریون سٹریٹجی کے مطابق بنانے کیلئے کوشاں ہے تاکہ ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہو سکے اور ہمارے کاشتکار بھائیوں کو بھرپور منافع ملے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرخزانہ پنجاب سردار اویس احمد خان لغاری نے آج ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں دوروزہ زرعی نمائش "پاکستان ایگری ایکسپو 2022" کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔صوبائی وزیرخزانہ پنجاب نے اس موقع پر کہا کہ موجودہ حکومت زراعت کی ترقی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔موجودہ حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود مالی سال 23-2022 کے بجٹ میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے 53 ارب 19 کروڑ روپے مختص کیے ہیں جس میں سے زرعی اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے لئے 3 ارب 65 کروڑ روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔یہ نمائش پاکستانی زرعی مصنوعات اور ہائی ویلیو ایگریکلچر کو بین الاقوامی سطح پر فروغ دینے میں معاون ثابت ہوگی جس سے ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا اور یہ نمائش برآمدکنندگان کیلئے انتہائی فائدہ مند ثابت ہوگا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب کیپٹن (ر) اسداللہ خان نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب نے پاکستانی زرعی مصنوعات کے فروغ اور برآمدات میں اضافہ کے لئے اس نمائش کا انعقاد کیا ہے جس میں ملکی و غیر ملکی کمپنیوں نے 150 سٹالز لگائے ہوئے ہیں جبکہ 12 مختلف ممالک سے 70 غیر ملکی وفود اور قریباً 2 ہزار سے کاشتکاروں اس نمائش میں شریک ہیں۔پاکستان ایگری ایکسپو 2022 میں بہتر کاروباری روابط کے لئے بزنس ٹو بزنس میٹنگ کے مواقع بھی موجود ہیں۔اس نمائش سے عالمی منڈیوں میں پاکستانی زرعی مصنوعات کی مانگ میں اضافہ ہوگا جس سے ہماری برآمدات بڑھیں گی اور ملکی معیشت مستحکم ہوگی۔انھوں نے مزید کہا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی سات نمائشوں کا انعقاد کروا چکا ہے جس میں مجموعی طور پر 15 ممالک سے 100 وفود نے شرکت کی اور ان نمائشوں کے ذریعے پاکستانی برآمدات میں 10.2 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔پاکستان ایگری ایکسپو 2022 کی افتتاحی تقریب میں اسپیشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب وقار حسین، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) شریں ناز، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اس نمائش میں کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے سیمینار کا انعقاد بھی کیا گیا۔یہ دوروزہ نمائش کل تک جاری رہے گی

☆☆☆☆☆